37055 ـ احرام باندھ كر كچھ مدت بعد شرط لگانى صحيح نہيں

سوال

ميں احرام باندھتے وقت شرط كى دعا پڑھنا بھول گيا (إن حبسني حابس فمحلي حيث حبستني) اگرمجھے كسى روكنے والے نے روك ديا تومیرے حلال ہونےكى وہى جگہ ہے جہاں تومجھے روك دے ، ليكن جب مكہ ميں داخل ہونے لگے تومجھے يا دعا ياد آئي اورميں نے اس وقت پڑھ لى توكيا يہ شرط صحيح ہوگي ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

يہ صحيح نہيں اس ليے كہ شرط تواحرام باندھتے وقت ہوتى ہے نہ كہ اس كے بعد ـ

شيخ بن بازرحمہ اللہ تعالى سے احرام باندھ كركچھ مدت بعدميں شرط لگانے كے بارہ ميں پوچھا گيا توان كا جواب تھا :

وہ ايسا نہيں كرسكتا ، بلكہ يہ تواحرام باندھتے وقت كہا جاتا ہے ، اوراحرام باندھنے سے مراد يہ ہے كہ وہ اپنے دل سے جب احرام ميں داخل ہونے كى نيت كرے (اس وقت شرط لگانى چاہيے) اھـ ديكھيں : فتاوى ابن بازرحمہ اللہ تعالى (17/ 73) ـ

واللہ اعلم .